


وما علمناه الشعر وما ينبغي له

خریطہ

نتائج افکار

محمد عنایت اللہ خان مشرقی

مشرقی

سنہ ۱۳۴۲

در مطبع آفتاب باہتمام مولوی عبد اللہ شہاس و نیز باہتمام شیخ محمد عبد العزیز

در مطبع دفاتر اسلام امرتسر مشرقی بطبع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

کسی قوم کی بہترین شاعری کی تاریخ دراصل اس کی پستی اور انحطاط کی تاریخ ہے۔ قوم کے ذہنی محسوسات اور جذبات عالم شعر و خیال میں اُس وقت منتقل ہو جاتے ہیں جب علم و عمل کی روشنیاں تاریک سیاست سے محو ہو جاتی ہیں، جب سکون اور جمود سے مظاہر آبادی پیدا ہو جاتے ہیں جب اس زمانہ میں جوش اسلوبی اور زندہ رہنے کا لائحہ عمل ہر ایک کی نگاہوں سے اوجھل ہو جاتا ہے، عقائد سست پڑ کر اور دل سخت ہو کر ایک عام سیاہی اور وحشت چاروں طرف پھیلا دیتے ہیں۔ پھر وہی تخیل جو کسی زمانے میں ہاتھوں اور پیروں کو حرکت دیا کرتا تھا، شعر میں منتقل ہو کر دل کے اندر ایک ادنیٰ سا تموج اور ایک خفیف سی سنسناہٹ، ایک بے نتیجہ ہیجان یا اک بے اثر چہچہاہٹ پیدا کر دیتا ہے۔ لوگ اسی کو ترقی سیاسی زندگی اور جذبۂ قومی سے تعبیر کر لیتے ہیں، اور یہی ان کو مسرور رکھتے ہیں

(۱)

فہرست مضامین خمریہ

قانونِ خدا کا علم رفتہ رفتہ افراد سے گھٹتے گھٹتے کالعدم ہوگیا تھا، یا اُس وقت کہ قوم
بحیثیت مجموعی جہل کی تاریکیوں میں مدت مدید سے گھری ہوئی تھی اور سیاہی فی الجملہ
اُسکی طبیعت ثانیہ بن گئی تھی۔ ایسے وقت کا شاعر شعر کے اعتبار سے بہتر سے بہتر
رہا ہے۔ اُسکا کلام اِس قدر بلیغ، الفاظ اِس قدر چُست، بندشیں اِس قدر عجیب و
غریب اور اقوال اِس قدر جاذب، دلفریب اور مہیّج رہے ہیں کہ قوم اکثر اوقات
برسوں اور قرنوں تک اُس کا کلام چٹخارے لے لے کر پڑھتی رہی ہے مگر علم و خبر کے
اعتبار سے ایسے شاعر کے کلام کی قدر و منزلت کہیں کچھ نہیں ہوئی۔ صاحبِ علم قوم
نے اُسکے کلام سے اکثر کچھ اخذ نہیں کیا۔ کسی اُمت یا جماعت نے اسکے مقولات کو تمدّن
و عمران کا اصل اصول نہیں بنایا۔ کوئی حل، کوئی رہنمائی، کوئی مستقل اور دیرپا تحریک
کسی بڑے سے بڑے شاعر نے روئے زمین کی کسی قوم میں اس نمط پر پیدا نہیں کی کہ
وہ اپنے عہد میں یا بعد کو ایک عام انگیخت کا بانی قرار دیا جاسکے۔ جہاں کہیں کوئی اُبھار
پیدا ہوا ہے علم کی وجہ سے ہوا ہے حس و نبوّت کے باعث سے ہوا ہے۔ یا اُس قوم
میں سمع و بصر کے محسوسات ترقی کرگئے ہیں یا ذہنِ سلیم رفتہ رفتہ قبولیت پر آمادہ
ہوگیا ہے یا قانونِ خدا آنکھوں کے سامنے خود بخود آگیا ہے یا اس زمین و آسمان
کی ادارت کی خبر مل گئی ہے یا کسی صاحبِ علم نے رہنمائی کردی ہے یا صراطِ مستقیم چند
لفظوں کے اندر بتلا گیا ہے۔ پھر قوم کو جب وہ راہ روزِ روشن کی طرح عیاں ہوگئی اُسکا
منتہا اور مفاد سامنے نظر آگیا تو سب یک بیک کھلتے چلے گئے اور وہ اُمت لمحۃ البصر میں

سعی و عمل کے فقدان کے باعث تمام زور اُس تخیل کو ملا جو صورت بنانے میں صرف ہوتا
ہے، اُس کے بے عمل قدر شناس، اور بانی واہ واہ کرنے والے سب طرف سے پیدا ہو جاتے ہیں
اور ہر طرف سے علم ادب کا ایک فصیح اور خوب صورت، ایک دلآویز اور ہیجان خیز اگر
بے نتیجہ اور ناکارہ آمیزہ تیار ہو جاتا ہے!

عالم اور عامل قومیں شعر سے فی الجملہ ناآشنا ہوتی ہیں، اُن کے ہاں جیسے جیسے
علم کی روشنی بڑھتی جاتی ہے، ہاتھ اور پاؤں کا عمل پیدا ہوتا جاتا ہے۔ قانون خداوندی سے
واقفیت اُن کے اعضا میں اضطراب و تحرک کی ایک لہر دوڑا دیتی ہے۔ وہ اس بات کے
درپے رہتے ہیں کہ ارض و سما کے اس حیران کن کارخانے سے کار آمد کچھ کر دکھائیں کوئی
نتیجہ خیز بات پیدا ہو، کچھ ریل سے کسی سمت چھاپہ ماریں کسی دوسری قوم کو محکوم
بنائیں، کہیں دولت پیدا ہو، کچھ علم ہیں، حکم ہیں، ہنر ہیں، تجارت میں ترقی ہو،
سر بفلک عمارتیں ہوں عظیم الشان ایجادات کی جائیں۔ یہی ایک ہیجان اُن کے دلوں کو
ہر وقت گرماتا رہتا ہے۔ کر دکھانے کی بجائے کچھ کہہ دینے کا خیال اُن کو اکثر بہت گندہ سا
وہ سمجھتے ہیں کہ اس دنیا کے اندر صحت نتیجہ رہتی عمل سے ہے، قول سے کچھ نہیں۔
جو شخص عمل پر قادر ہے اُس کے لیے کہنا عبث ہے، اور قول بے عمل تو بہرحال ایک
باد ہوائی شئے ہے جس کی اس کارگاہ سعی و عمل میں کچھ وقعت نہیں۔

یہی باعث ہے کہ مقتدر **شاعر** جہاں کہیں پیدا ہوا ہے اُس قوم کے انحطاط
یا انتہائی جہالت کے زمانے میں پیدا ہوا ہے یا اس وقت پیدا ہوا ہے جب کہ

رونق بڑھانے کے لیے اپنے ارغنون کی تاریں کس لیتا ہے، مگر جس رنگ میں ظاہر ہوتا
ہے اکثر بے عمل ہوتا ہے، بے اثر ہوتا ہے، ناکارفرما، نارسا اور ناکارگر ہوتا ہے،
جذبات کے اظہار میں بے عمل، منطق اور دلیل میں بے عمل، کارفرمائی میں بے عمل،
چارہ گری میں بے عمل، حتیٰ کہ اکثر اوقات عشق و تغزل میں بے عمل، نوحہ گری اور قصہ
خیزی میں بھی بے عمل ہوتا ہے۔ آپ روتا نہیں مگر اوروں کو بے محابا رُلا دیتا ہے،
خود کرتا نہیں مگر کرے کی ایک آسمان تک پہنچنے والی سطحی چیخ پکار پیدا کر دیتا ہے،
روتا ہے مگر دل میں ہنستا جاتا ہے، ہنستا ہے مگر دل کے اندر ہنستا اور روکھا پن جو
ہے نہیں بلکہ اکثر اوقات شاعر کا بہترین عشقیہ شعر اُس وقت صفحہ قرطاس پر نمودار
ہوا ہے جب فی الجملہ اُس کو عشق و تغزل سے کچھ سروکار نہیں رہا تھا، بہترین نوحہ اُس
وقت نکلا ہے جب دل صحیح معنوں میں بے حس ہو گیا تھا۔ عمل کا اثر انسان کی نفسیات
پر طبعاً اور جبلتاً اِس قدر تخیل کش اور شعر رُبا واقع ہوا ہے کہ اُس کر لینے کے بعد کہنے کی
گنجائش قطعاً نہیں رہتی۔ جس طرح کسی خاوند سے اپنی نکاح کردہ بیوی کے عشق میں
غزل لکھوانی محال ہے اسی طرح عمل کے بعد شعر بھی اصالتاً مفقود ہو جاتا ہے، اور جس
طرح غزل کے ذریعے سے ایک ناکتخدا کا دلہن پر قابو پانا بالبداہت محال ہے اسی طرح شاعر
کا عامل بن جانا یا اپنے شعر کے ذریعے سے کسی قوم کو عامل بنا دینا امر بعید ہے۔ پس
عمل کے بعد تخیل اور علم کے بعد عالم باعمل کا کسی قوم میں رہنا ازبس متعذر ہے، اور جو
اُمت اپنے اندر شاعر پیدا کر کے یہ سمجھ رہی ہے کہ وہ علم و عمل کے معراج پر پہنچ رہی ہے

سعی و عمل کے فلک الافلاک تک پونہچ گئی! علم اور شعر کی باہمی مخالفت ہر اُمت کی تاریخ مدّوجزر میں ہر وقت اِس قدر مکمل اور غیر متزلزل رہی ہے کہ جہاں **علم** ترقی کرتا گیا ہے وہاں **شعر** کی کچھ دال نہیں گلی، اور جہاں **شعر** حاوی ہو گیا ہے وہاں **علم** سے کچھ سروکار نہیں رہا!

یہ سب اِس وجہ سے کہ صحیح معنوں میں شاعر جہاں کہیں پیدا ہوا ہے بے علم و بے عمل پیدا ہوا ہے۔ وہ **بے علم** اسلیئے ہے کہ علم شعر کے لباس کو قطعًا قبول نہیں کر سکتا۔ جو شئے فی الحقیقت علم ہے وہ شعر قطعًا نہیں خواہ اسکی عبارت موزوں ہی کیوں نہ ہو گئی ہو، اور جو شئے فی الحقیقت شعر ہے اُسکے اندر علم کا ہونا از بس محال ہے۔ وہ **بے عمل** اِس لیئے ہے کہ اس دنیا میں عمل علم اور صرف علم سے پیدا ہوتا ہے، اور شعر ہر وقت اور ہر نوع عمل کا قطعی مخالف رہا ہے۔ شاعر قوم کے عام انحطاط کی صرف ایک زندہ تصویر ہے، وہ اُسکی واماندگیوں کا ایک قوی اور مقامی مجسمہ ہے، اسکے جذبات کے ہبوط کا سچا ترجمان، اسکی آہوں اور کراہوں کا مضراب ساز، اسکی بیہوشیوں اور غفلتوں کا جہاں نما جام، اسکی لاطائل حسرتوں کا سچّا مورّخ، اسکی سعی بیجا کا صحیح مخبر، اسکی شہوات اور لذات کا طبل پرہنگام، اسکی تعلّیانہ خودنمائیوں کا عکس آئینہ اور اسکی سلب شدہ عظمت کا سچّا نوحہ گر ہے۔ وہ آپ اپنے زمانے کے رنگ میں رنگا ہوتا ہے، جس بگڑے ڈھنگ میں اُمت ہو اسکو فورًا قبول کر لیتا ہے، جو آہ، جو ارمان، جو چیخ، جو قہقہہ جس کار فرمائی حسن ناکارہ پن میں قوم گرفتار ہو، اُسی کو اختیار کر لیتا ہے اور اُسی ماحول کی

ہر نوع منتشر، کلام میں مختصر تحریریں مجمل بلکہ بسا اوقات مہمل اور معلق، تقریریں
سادہ اور کم گو، اور خیالات کے اظہار میں شعر و مصاحب کے اعتبار سے پریشان اور
بے ربط نظر آتا ہے۔ علم کا تبحر، عمل کا اضطراب اور حقائق کا ہجوم اُسکو اس امر کی
فرصت نہیں لینے دیتے کہ وہ اپنی تحریر و تقریر کے اندر شاعرانہ دل آویزی یا دل فریبانہ
موزونیت پیدا کرے۔ وہ جو کہتا ہے کر دیتا ہے اور کئے جاتا ہے اور ایسی کر دینے اور
کئے جانے کے اندر اُسکے کہنے کے اثر کا راز مضمر ہے۔ لوگ اسکی سادہ و بے تکلیف داری
کو دیکھ کر آپ تکلیف اُٹھانے کے لئے مستعد ہو جاتے ہیں اور چونکہ وہ خود ایک مرد
بے مزد ہے، لَا أَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ کی شان رکھتا ہے، کسی مادی دام کا محتاج
نہیں بلکہ اسکے بے مزد عمل سے کسی خاص جود اور منعم شئی سے ساتھ ملازم ہونے کی گواہی
دے رہا ہے، شاہد عادل ہے، جو دل مردہ اور بے اجر مکلف ہو۔ شاعر کی واہ واہ
کے بالمقابل کڑیاں جھیلنا جانتا ہے۔ اسلئے لوگ اس شہادت کو پا کر اس سے پیوستہ
ہو جاتے ہیں، پروانہ وار سب طرف سے اکٹھے ہو کر اُس شمع سوز و گداز پر اپنی جان
قربان کر دیتے ہیں، یہی قومی زندگی کی سچی علامت اور عروج کا سچا منظر ہے، شاعر
اور نبی میں فرق صرف نوع اور جنس ہی کا فرق نہیں، فرش اور عرش کا فرق ہے، زمین
آسمان کا فرق ہے، جماد اور انسان کا فرق ہے، وہاں تحسین و آفرین کی لذت
حرکت دے رہی ہے، یہاں تکلیف اور مخالفت سے عشق ہے، وہاں آرام یا فی کا شوق
زبان پر ترنم پیدا کر رہا ہے، یہاں کڑیاں جھیلنے کی مردانگی میں ہر جھول رہی ہے وہاں

اُسکے فہم و ادراک کا جسقدر ماتم کیا جائے کم ہے۔ اُمّت کے افراد پر شاعر کے کردار کا اثر کی
مثال یا شاعر کے وجود پر اُسکے اپنے کہے ہوئے شعر کے اثر کی مثال بعینہ ایک رقّاصہ کی
ہے جو چند لمحوں کے لئے اپنے ناظرین کو دم بخود تو کر دیتی ہے مگر پھر رقّاصہ ہی کی طرح
بے قدر ہے، یا ناچتی ہے تو دوسروں کی دل لگی کے لئے ناچتی ہے مگر اُسکے اپنے دل
کے اندر اُس رقص کی خواہش اصلاً موجود نہیں۔ شاعر بھی اسیطرح سے ابن الوقت ہے
لوگوں کو خوش کرنے کے لئے کچھ کہہ دیتا ہے، جو کہتا ہے اُنہی کے دل لگتی بات کہتا ہے
جذبات کو سطحی طور پر بھڑکا کر غفلت پر غفلت کا ترنّم پیدا کر دیتا ہے، سوتوں کو اور
سُلانے کی فکر میں ہے، اگیوں سے جگانے کا بہانہ کرتا ہے، یا مدّاح قوم کو مدکاری
کا لقمہ دیتا ہے، یا پیار سے مار کا کام نکالنا چاہتا ہے لیکن علم و عمل کی راہوں پر گامزن
ہو کر دلوں میں انقلاب پیدا کر دینا اُس کا کام اصلاً نہیں!

عالم با عمل یا نبیؐ برخلاف اسکے جب ظاہر ہوا ہے اپنے زمانے کی سمت تخیل
اور رَو کے خلاف ظاہر ہوا ہے۔ وہ اپنے ساتھ علم و خبر لاتا ہے، قوم کی بیماریوں کی
اٹل اور حکمی دوا لاتا ہے، قانونِ خدا کا ایک جزو مہتم لاتا ہے، اُمّت کو آسمان تک
اُٹھا دینے کا بیڑہ لاتا ہے، پوری قوم سے دشمنی مول لینے کا ساماں لاتا ہے، غلط تخیل
اور غفلت کی عظیم الشان عمارت کو ڈھا دینے کا کدال لاتا ہے، مخالفت سے پرواہی
اور قوم کی بہتری کا سچا درد اُس میں ہر وقت موجود ہے، وہ اکثر کسی صحیح یا دلچسپ تصنیف کا
مصنّف نہیں ہوتا، کسی شستہ تحریر یا مقرّر ہونے کا شوق نہیں رکھتا، لسانی اور جیرت مالی

دلیاں سب طرف سے گھر کر سب ان کی ظلمتیں پیدا کر رہی تھیں سعدی و حافظ کو
تھا مگر قوم کے عام انحطاط کی تاریخ اسکے ہر لفظ سے نمایاں ہے حافظ تغزل پسند تھا
مگر تغزل کے پردے میں موحد گر تھا اور ہر غزل اس امر کی دلیل ہے کہ امت اپنا
اکثر علم و اخلاق کھو چکی تھی۔ شکسپیر کی تصانیف سے اسکے اپنے عہد کے اخلاقی
انحطاط کا مکمل مرقع تیار ہو سکتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ انگلستان عجیب تباہیات میں
پڑا تھا۔ ہومر رزم نویس تھا مگر اُس وقت جبکہ قوم اپنی رزمی خصوصیات کو اکثر خیرباد
کہہ چکی تھی۔ غالب کی تمام شاعری فخریہ ہے مگر اُس کا فطری ہونا ہی اس امر کی
شہادت ہے کہ قوم کے اندر کوئی مستقل ہیجان، کوئی ہاتھ پاؤں کا عمل موجود نہ رہا تھا
سب کچھ [illegible] تلوار چھوڑ کر شاعری قبول کر لی تھی۔ امرؤ القیس کے زمانے
کی تاریخ [illegible] ہے، صرف شجاعت کی لن ترانیاں اس عہد کے اشعار میں کہیں کہیں
باقی ہیں [illegible] جس قدر شاعر کے زمانہ کی طرف نظر دوڑائی جاتی ہے، حسد اور
عصبیاں، [illegible] اور قساوت قلب کا سماں موجود نظر آتا ہے۔ اس میں شک
نہیں کہ شاعر اور عالم کا عہد پیدائش [illegible] رہا ہے، تب جب کوئی قوم ظلمت
کے قعر عمیق تک پہنچ چکی، کوئی نہ کوئی صاحب علم شخص بھی منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوا
کوئی ہی ثبوت [illegible] کسی حقیقت سے [illegible] رہنمائی کر دی۔ شاعر کے تیر
کے ساتھ ساتھ عالم کا ظہور بھی ہوا [illegible] کی [illegible]
شکسپیر [illegible] امرؤ القیس [illegible] آفتاب رسالت کا طلوع

قول بے معنی ہے، یہاں بے عمل ہے، وہاں گفتگو کا سلیقہ نہیں رہا اور عمل بے منطق
اور بے ثمر، وہ قوم الفاظ اور علامتوں سے کچھ قربان کر رہا ہے، یہاں ایک سلب الحس کی
وجہ سے اعضا کو حرکت دینے کی سی ہے۔ عالم ادب میں ملاحظہ اسی ہی حس سے ہیں آج کے
مابین صرف درجہ اور مقدار، صرف درجہ، مقدار اور استعداد عمل کا فرق ہے۔ عالم بالکل
ممکن ہے کہ اپنے اندر موت کا سا جمود رکھتا ہو، ہو کی تیار عظیم کا ایک جز لا یتجزیٰ
اس کے مرزل الارض عمل کا ایک جزو حقیر اپنے میں بطور وراثت کے پا رہا ہو مگر شاعر کو
علم و خبر سے قطعاً کچھ واسطہ نہیں جس قوم کے اندر وہ پیدا ہو گیا ہے اُس قوم کے
علم میں کسر رونما ہو چکی ہے۔ اعضا میں انحطاط، خیال میں اضمحلال، نفس العین کی
شکست، اور ان پر طوائف الملوکی، نظم و نسق میں شکست اس اُمت کے اندر جاگزیں
ہو چکی ہیں ۔ ناممکن کوئی قوم صاحب علم ہے شاعر کو بہر حال پیدا نہیں کر سکتی
جہاں شاعر کے پھولنے پھلنے کا مواد تیار ہو چکا ہے، وہاں اُس زمین کے اندر علم کے
سر اٹھانے اور نشو و نما کی استعداد باقی نہیں رہی۔ ان لوگوں سے شاعر کو جس کا
حاصل کرنا ہے انہوں نے حق کی ماہیت کو قطعاً نہیں سمجھا ہے بلکہ خود بے علم ہونے
کی وجہ سے علم کی حقیقت تک پہنچ نہیں سکے۔

سعدی، حافظ، ہومر، شکسپیر، غالب، امرؤ القیس سب ازمنۂ انحطاط یا جاہلیت
کے شاعر تھے۔ یہ سب اُس وقت پیدا ہوئے تھے جب قوم علم و عمل کے مرحلوں
سے گزر کر تنزل و انحطاط کے حدود میں غرق تھی، یا اس وقت ظاہر ہوئے تھے کہ جہالت کی

علاوہ اُمت کے یہ تسلیم ہے کہ پیدائش مہلکات میں شعر کا پیدا کیا ہوا نقصان ہر شخص
کی رگ رگ میں ملالت اور تساہل بھر دیتا ہے۔ جس قوم میں اسکا عمل ہو جاتا ہے
[illegible] بے حد اثر [illegible] اسکے لیے کسی مستقل [illegible] العیش کا
ہونا چہکارا [illegible] دشوار ہے اعلیٰ شعر کی مقبول محفلوں میں جیسا کہ اُمت کا امرا اور
بے فکر ہونا قطعی ہے۔ اسکے نتیجہ تو یہ ہے کہ امراء و درباریاں، عورتوں کے مضمون
حسن و عشق کے افکار اسکے سبب علاوہ کذب و دروغ سے [illegible] بے حاصل کی
[illegible] اور گمراہیں، [illegible] ارمان اس قوم کا شعار بن جاتے ہیں۔
[illegible]
[illegible]

ظہور اسلام سے پہلے اہل عرب کی حالت تمدن کے طور پر مشہور ہے اخلاقی
انحطاط یکسر [illegible] ہو گیا تھا، جہاں تک [illegible] رائل ہو چکی ہیں، [illegible] سلطنت [illegible]
[illegible] رہی تھی، مگر شعر اوج کمال پر تھا۔ لوگ [illegible] رزم اور بزم میں بلکہ عالم
اسباب میں شعر سے قائل کر دیتے۔ عکاظ کا بازار لگتا تو ملک کے ہر گوشے سے قبیلوں کے
[illegible] شعر کا [illegible] ایک [illegible]
[illegible] عہد کو جاہلیت [illegible]
[illegible]
[illegible]

ہوا، مگر ایک ہی فن میں ایک جماعت کے اندر یہ فرق نہیں ملتا، اکثر اس کی وجہ سے ہوتا رہا
ہے کہ ان دونوں طبقوں کے مشاہیر کا لگاؤ جاہلیت کے زمانے سے طبعی ہے۔ شاعر
اگر اس زمانے کی ظلمت کا آغوش پروردہ ہے اگر بہار اس جاتا ہے تو عالم اس شب
دیجور کا مطلع مقصود ہو کر جھک اٹھتا ہے۔ لوگ غلطی سے ان کے درمیان مشابہت
یا مماثلت پیدا کرنے کی سعی کرتے ہیں مگر دراصل ان کی باہمی مخالفت آگ اور پانی
رات اور دن، اندھیرے اور اجالے کے تضاد سے کسی طرح کم نہیں ہوتی۔

لیکن قومی اخلاق کی سب سے پست منزل اجتماعی انحطاط کا وہ دردانگیز منظر
ہے جب کہ افراد سے گذر کر پوری امت شعر کہنے کے مرض میں گرفتار ہو جاتی ہے۔
ہر گھر، محلے اور شہر میں شعر کے موسمی حشرات الارض پیدا ہو جاتے ہیں جو تنفس
قافیہ پیمائی اور لغو رانی کا مجسم پیکر بن کر قومی علم ادب کو سنگ و سفال سے زیادہ
بے وقعت کر دیتا ہے۔ وہ علم ادب جس کے الفاظ کی جھلک میں، جسکے تخیل کی ساخت
اور حسن ادا کے اسالیب میں بسا اوقات قومی اخلاق کی تصویر ہو بہو نظر آتی ہے،
ناشناس کا تختۂ مشق بن بن کر اور نااہل کے ہاتھوں پستمال ہو ہو کر سوقیانہ بلکہ
سفیہانہ رنگ لے لیتا ہے، پھر وہ رہی سہی عصبیت بھی جو افراد کے دل میں
زبان کی عالی خیالی اور خیالات کے سمو کی وجہ سے جاگزیں ہوتی ہے، مٹ جاتی
ہے، اور اس قوم کی پیشانی سے اس کے ذاتی تشخص کا آخری امتیازی نشان مٹ
جاتا ہے۔ شعر و سخن کی یہ جمہوری حکومت ذوق سلیم کے لیے زہر قاتل ہونے کے

جہالت اور بے حسی کی پیدا کی ہوئی، اصحاب علم و عمل سمجھ نہ پائے کہ کب تک ساتھ دیں، اسی شعر کو
قرآن نے صاف اعلان کردیا کہ شعر فی الحقیقت ایک بے کار پیشہ ہے، اسی بنا پر شعر پڑھنا یا
عمل قوم کے لئے بڑی سے بڑی گمراہی ہے، جو لوگ شاعر کے پیچھے لگے ہیں، اُسکے شعر کو
سن کر تحسین اور مرحبا کہتے ہیں، اُسکی لطف اندوزی سے متاثر ہوتے ہیں، اُسکو مددگاری کے
کس مرحلے میں اپنا سچا خیال کرتے ہیں، وہ اصل میں خود راہ راست سے بھٹکے ہوئے ہیں
(وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ) یہ اسلئے کہ شاعر کا اصول یا ہے کوئی مستقل نصب العین
نہیں، اُسکے پیش نظر کوئی صحیح مطمح نظر نہیں، فن راست کا ہے اور الفاظ کا سیلاب اُسکو
بہا لے جاتا ہے، فکر و خیال کی ناپید وادیوں میں چلا جاتا ہے، اسلئے کہا گیا ہے (أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ
فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ) ، وہ ادھر ادھر کوئی بھی جدھر منہ اٹھاتے ہیں چل پڑتے ہیں
اور چلے جاتے ہیں، علم جس کا صحیح یا بیان کا ایسا ونہا ہے، قوم کے سامنے ایک حقیقت
پیش کرتے اسکو مجبور عمل اور آمادہ کار کر دیتا ہے، آن میں تمام تکے میں اس سے بڑھکر
یہ کہ وہ ایک بے عمل شخص ہے، جو کہتا ہے کرتا نہیں اور جو کرتا ہے اسکو چھپانے کی سعی کیا
ہے، محبوب کی طرح ٹرخاتا ہے اور اُسی طرز میں اپنے کاغذی گھوڑے دوڑاتے جاتا ہے
(وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ) سعی عمل اور صبر آزما خدا کے نزدیک بڑے سے
بڑا گناہ یہی ہے کہ جو کہو اسکو نہ کر دکھاؤ، دل اور زبان ایک نہ ہوں، قول کی اندر سے
عمل سے تصدیق نہ ہو، خدا کو جو نگراں اعمال ہے دھوکا دیا جائے، خلق خدا کو دھوکا ہو

مہمان نوازی اکثر لفظوں اور شخصوں میں باقی رہ گئیں۔ نفاق اور تنگ دلی، کینوں
اور رنجشوں نے افراد کو سب طرف سے گھیر لیا، ذہنوں میں ویرانیاں اور حوصلوں
میں نامردیاں گھر کر گئیں۔ یہی انحطاط کافی حقیقت ہے وہ ورک اصل تھا کہ اگر چند دیر
اور یہی حال رہتا تو قیصر و کسریٰ کے دیوان آج عرب پر تبر ہو چکے تھے۔ اس عالم جمود
اور عصیان کی حالت میں نبی آخر الزمان کا ظہور ہوا۔ اس اولوالعزم نبی
کی نگاہیں اس کارگاہ سعی و عمل کے قانون موت و حیات کی آخری حد تک پہنچ چکی
تھیں۔ خدا کا انسان سے معاملے کا راز کھل چکا تھا، عمل سے تحیر اور عجز، تکبر سے
تدلی اور تقرب اور تقرب سے علم و عمل کے مرحلے طے ہو چکے تھے۔ یہ بات دن اور رات
چاند کی طرح عیاں ہو چکی تھی کہ اس کارخانہ عیب اور ہست ان کائنات کے اندر اعمال
انا کا سہارا کیا ہے، وہ کیا آئین اور کیا صراط مستقیم ہے جس پر چل کر اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ
کا انعام ہے، جن کو پا کر انسان کیسے نہال ہو جاتی ہیں، خوشنودی خدا کے سیاس نامے
و سلامت کی مانند برسنے لگتے ہیں، ’’لَا خَوۡفٌ‘‘ و ’’لَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ‘‘ کی بشارت مل جاتی ہے،
آسمان کے دروازے جو ہمیشہ کھل جاتے ہیں۔ اسی پیغمبر اعظم نے ’’ثُمَّ دَنَا‘‘ عمل لایا اور علم
عمل کی آخری دستاویز لیکر آیا، ’’لِیُظۡهِرَهٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّهٖ‘‘ کا پیش نہاد لایا۔ دنیا میں

ف سورۂ والنجم میں اس عظیم الشان رتبہ کے بارے میں ہے: وَمَا یَنۡطِقُ عَنِ الۡهَوٰی ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی ۙ عَلَّمَهٗ شَدِیۡدُ الۡقُوٰی ۙ ذُوۡ مِرَّةٍ ؕ فَاسۡتَوٰی ۙ وَهُوَ بِالۡاُفُقِ الۡاَعۡلٰی ؕ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ۙ فَکَانَ قَابَ قَوۡسَیۡنِ اَوۡ اَدۡنٰی ۚ
اسے انتہائی طاقتور نے سکھایا ہے جو زبردست قوتوں کا مالک ہے، اس کو آسمان کے افق پر لے گیا، پھر وہ (یعنی رسول) اس سے قریب ہوا اور اتنے ساتھیوں کی طرح حاضری کی اور اتنے قریب ہو گئے کہ جیسے دو کمانوں کے درمیان صرف اتنا فاصلہ رہ گیا۔

سب کچھ اس نیک سیرت نبیؐ کے اتباع میں قربان کر رہے ہیں اسلئے انکا سوء ظن
اسی طرف راجع ہوا کہ قرآن بھی شعر ہے، کیونکہ مقفّٰی ہے، سجع کے لگ بھگ ہے، اسکے
بیان میں زور ہے، لطافت اور اثر ہے، مرجع خلق ہو رہا ہے، وہ یہی سمجھے کہ محمد (صلعم)
بھی ایک زور آور خطیب ہے، قافیہ پیما اور شاعر ہے، عمرؓ اور ابوبکرؓ اس کی خوش الحانی
اور اسکے لائے ہوئے قرآن کی آذی فصاحت پر ہی مرمٹے ہیں، اسکے الفاظ و صنائع
بدائع کو، اسکے استعاروں اور چست بندشوں کو دیکھکر فریفتہ ہو گئے ہیں۔ اسکی لطافت ہی
ہماری حقیقی دشمن ہے، ہماری شاعری کا مقابلہ کرکے ہم کو مات کر رہی ہے، ہمکو کافر
کہہ رہی، خدا کی دھمکیاں دے رہی ہے، جہنم کی آگ دکھلا رہی ہے، وغیرہ وغیرہ
ایک عرب سے اور بے علم قوم کی طرف سے ایک ایسی سرزمین میں جہاں ماسوا شاعر کے
کوئی اور مقتدر شخص کبھی پیدا نہ ہوا تھا، رسول خدا کے بارے میں یہ سب بدگمانی طبعی
تھی مگر قرآن حالانکہ ہر اس تہمت کا کب متحمل ہو سکتا تھا اس نے اعلان کر دیا
کہ یہ اولوالعزم نبیؐ اور جو کچھ ہو سو ہو مگر شاعر قطعاً نہیں، اسکے شایان شان ہرگز
نہیں کہ شعر کہتا پھرے، وہ تو ایک حیرت انگیز قانون لایا ہے، فاطر زمین و آسمان کے
پاس سے اسکے [illegible] علم[1] لایا ہے، علم کو شعر سے کچھ مناسبت
نہیں اور یہ سر سر علم [illegible] کو حاصل کر سکتا ہے وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهٗ

[1] کلام الٰہی کو قرآن میں جا بجا علم کہا گیا ہے مثلاً لَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ ۔ لَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ اور يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ اور كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ وغیرہ وغیرہ۔

وغیرہ وغیرہ (کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ)۔ یہ وہ تعلیم تھی جو
اُس جلیل القدر ہستی نے عرب کو دی۔ اہلِ عرب نے اسکو صحیح اور بیش قیمت سمجھکر قبول کرلیا،
اُن کے دلوں کی سنگلاخ زمینیں جو رحمت ایزدی اور سحابِ صحبت نبوی کے نرم نرم
ترشح سے قرنوں کے بعد نرم ہوچکی تھیں اس آبِ زلال کو جذب کرتی گئیں۔ اس کا اثر
چند برسوں کے اندر اندر یہ ہوا کہ عرب کی سرزمین میں شعر قطعاً مٹ گیا، نابغہ، زہیر،
طرفہ وغیرہ وغیرہ کی سب الن ترانیاں ایسی محو ہوگئیں کہ برسوں اور قرنوں تک سرزمین
کوئی سخنور شاعر پیدا نہ کرسکی، "معلقات" کے شعراء جنکی جاہلیت کے زمانے میں
خاص عظمت تھی، لوگ بسوق عکاظ میں جمع ہوتے تھے خانہ کعبہ کے گرد طواف کرتے
تو اُن قصائد کو بیٹھ کر پڑھتے، اُن کے آگے ماتھا رگڑتے، منتیں مانتے سجدے کرتے
اُن کے مصنفوں کو اپنا سچا رہنما مانتے، مگر قرآن حکیم کی شرک ربا ادا اور ظلمت ربا تعلیم
نے معلقات پرستی کو جڑ سے اکھیڑ دیا، لات و منات کے ساتھ ساتھ شاعری کا
بت بھی ایک مدت مدید کے لیئے ٹوٹ گیا جہاں جہاں کوئی قافیہ سنج تھا اُسکی کچھ قدر
و منزلت نہ رہی۔ ہجا گوئی کا دم ختم، خود ستائی کے نخرے، قبائل کو آپس میں لڑوانے
کی ایجاد، الغرض کوئی مابہ الامتیاز شاعر اور غیر شاعر میں باقی نہ رہا کیونکہ پہلے
میں جو کہ شعر و فصاحت کا خیال غالب تھا، اور علاوہ ازیں اسلام کا علم بھی پیدا
کیا ہوا تھا کہ ان کو ایک آنکھ نہ بھاتا تھا، وہ یہ سمجھ سکتے تھے کہ لوگ آنحضرت صلعم کے
گرد کیوں جمع ہو رہے ہیں، یہ صحابیوں کے جمِ غفیر چند نفر کیونکر پار لگا سکیں گے اپنا

[illegible] تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ)۔ قرآن نے سرِ عام اعلان کر دیا کہ انسان،
اس بے مثال کلام کا کیا مقابلہ کر سکتا ہے۔ روئے زمین کے جن و انس[1]، اسکے اکابر
اور اصاغر، اسکے عامۃ الناس اور خواص اسکی کیا ریس کر سکیں گے، اسکا مثیل کہاں
سے لائیں گے۔ اگر تم اسکے الفاظ کا، اسکی بندشوں کا، اسکے قوافی اور استعاروں کا ایک
سطحی سا مقابلہ کر بھی سکو، کسی نالہ یا بحر کو ملا کر اسکے ادب کا ایک ڈھانچا سا بنا بھی کر لو
مگر اس کا علم کہاں سے لے آؤ گے، اسکی نبوت اور خبر کہاں سے ڈھونڈو گے، یہ
اس بے مثال خدا کا کلام ہے جسکے ہم پلہ کوئی شے نہیں، جس کی برابری کا کسی کو دعویٰ
نہیں، جانتے رہو کہ یہ خدا کے علم کو ساتھ لیکر اترا ہے اور علم کا دعویٰ [illegible]
سمیع و بصیر ہی ہو سکتا ہے (فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ) اگر اور
کچھ نہیں تو اس جیسی دس سورتیں ہی لے آؤ، پھر جب نہ لا سکو گے تو ہم بھی تمہیں داد
دینگے، ورنہ اسکے سامنے سرِ تسلیم خم کر دو۔ (اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ
مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِلَّمْ
يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝
[illegible]

---

(۱) [illegible] قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ [illegible]

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِیْنٌ ۙ) اس علم جلیل کا منشا یہ مطلوب ہے کہ جس میں کچھ
اثر، کوئی حس، کوئی زندگی کی علامت، کوئی محرک یا نمو کا عنوان باقی رہ گیا ہے، اُسکو
اس عالم آرائے زمین و آسمان کے کپکپا دینے والے قانون بقا و فنا سے آگاہ کر دے
یا اگر وہ اس سے گریز کریں تو منکرین کے لیے اتمام حجت ہو (لِّیُنْذِرَ مَنْ كَانَ
حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ۝) قرآن کی بادی النظر میں یہ عبارت آرائی
بازور بیاں نہ شعر ہے نہ اس سے شاعرانہ واہ واہ مقصود ہے۔ ایسے بوسیدہ ایمان یا نکار
اعتقاد کی کسی کو کچھ ضرورت نہیں۔ ضرورت اُس یقین کی ہے جو اس عمل پیدا کرے جس سے
حرکت حاصل ہو، دل یکسر کپکپا اٹھیں، اُن کی سنگلاخ زمینیں نرم ہو جائیں، اعضا
میں حرکت ہونے لگے، تکلیف برداری اور مشقت کی تیاری ظاہر ہو، یہ کسی جادوگر یا کاہن
کا کلام تو ہے نہیں کہ چکنی چپڑی باتوں سے محض لبھاوٹ منظور ہو، یہ پہاڑ، زمین، آسمان کے
خالق کا کلام ہے، بادشاہوں کے بادشاہ کا قول ہے، کلام ملک الملک ہے۔
وہ العیاذ باللہ کوئی شاعر نہیں کہ تمہارے لغو ران امرء القیس اور نابغہ کے بالمقابل
شاعری کے اکھاڑے بنا تا پھرے، تمہاری ضلع بدائع تمہاری اسی اختراع کی ہوئی
خبیث بندشوں اور ادنی ترکیبوں کا تتبع کرے، بادشاہ کا کلام صریح مستغنا
ہے، لیکن یہاں صنعت ڈھونڈنے سے تو سروکار ہی نہیں جس سے تتبع کی ضرورت ہو۔
ان حکموں کی تعمیل ہے، امتثال امر ہے، اسی ایمان یقین ہے، اسی سے تذکیر
اعتبار ہے۔ (وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِیْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِیْلًا مَّا

(أَهْدىٰ مِنْهُمَا)۔ شعر میں یہ باتیں ہو نہیں سکتی تھیں۔ جس شئے کی بڑی سے بڑی فضیلت اسکی فصاحت ہو، اسمیں ان خاصیتوں کا پیدا ہونا محال ہے۔ اگر اسکے مثل کے پیدا ہونے کا دعوے تھا تو اسی ہدایت اور رہنمائی میں تھا، اجتماعی تمکن اور قوت کی راہ دکھلانے میں تھا، علم اور امن کی بشارت دینے میں تھا، سعی و عمل سے کمزور آل پیدا کرنے میں تھا، قوم کو ماسوا کی آلائش سے پاک کرکے ساتھیں جمع کر رکھنے میں تھا، دوام اور دوام کی طرف اشارہ کرنے میں تھا (إِنَّ هَٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِي لِلَّتِي هِيَ أَقْوَمُ)۔ صحیح ہے کہ لعہ اور پیغمبر ادعا قرآن نے حتّٰی کسی جگہ نہیں کہا ہے بلکہ فصاحت کا لفظ بھی سوا ایک موقع کے جو حضرت موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون (علیہما السلام) کے بارے میں استعمال کیا ہے (هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا) قرآن کے طول و عرض میں کہیں موجود نہیں۔ یہ باعث تھے جنکی بنا پر عرب کے ادراک، اقل قلیل مدت میں سر سبز ہو گیا، نسیان و جمود کی جگہ علم و عمل نے لے لی، تمام قوم کی قوم ترقی اور خدمی خواہی کو چھوڑ کر بیدار ہو گئی، تلوار ہاتھ میں لیکر زمین خدا پر ڈاکہ مارنے کے فکر میں لگ گئی! رسول خدا صلعم کی وفات کے بعد بارہ برس کے اندر اندر چھتیس ہزار شہر اور قلعے سر کر لیے، چار ہزار بت خانوں کلیساؤں اور ہیکلوں کو ویران کیا، صدہا معبدوں کو مساجد میں تبدیل کر دیا، قیصر و کسریٰ دست بستہ غلام بن گئے، فراعنہ مصر کی کھوپڑیوں پر گھوڑے دوڑائے گئے، بابل کے سلاطین عرب و اقوام کے تخت ہلنے لگے! اگر قرآن کا مثل پیدا کرنا محال ہے تو اس ہدایت

۱ عرب کے ایک عیسائی مؤرخ جرجی زیدان نے لکھا ہے۔

حاصل اس حرف نبوت سے نظیر لے آؤ، اور اگر نہیں کر سکتے اور یاد رکھو کہ ہرگز نہ کر سکو گے تو آج ہی سے اس ابدی اور اخروی جہنم کی آگ سے ڈرتے رہو جو اس قرآن عظیم کے علم کو علم نہ سمجھنے والوں، اسکے امر اور احکام پر تمہی سے عمل نہ کرنے والوں، اسکی باتوں کو جھوٹ جاننے والوں، اُن سے مکروہات سے گریز کرنے والوں کے لئے تیار کر رکھی ہے اور جس سے ہر کامل قوم اور فرد کا واسطہ پڑنا اٹل ہے۔ وَ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ۝

الغرض قرآن حکیم شعر سے برگزیدہ تھا، شاعرانہ فصاحت کا مدعی ہی نہیں بلکہ اسکو تو شعر سمجھے جانے سے اسکو چڑ تھی، شاعروں کا دشمن تھا، اُن کو تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ کا الزام دیکر گناہ کبیرہ کا مرتکب کہتا تھا، لفظوں کی خوب صورتی یا چست مضمون بندی سے اسکو کچھ سروکار نہ تھا، یہ اسلئے کہ وہ علم تھا، حکمت تھا (تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ) ہدایت اور رحمت تھا (وَلَقَدْ جِئْنَاهُم بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلَىٰ عِلْمٍ هُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ)، نور تھا (قَدْ جَاءَكُم مِّنَ اللَّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ)، موعظت کی آخری ستارہ اور سچی شفا تھا (يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ) بلکہ بصائر تھا (هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ)، سر تا سر بشارت تھا (هُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ)، سرچشمہ ہدایت تھا (قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ

کرائیں۔ یہ تو برتو قصیدے پڑھے جاتے، لبوں ابوسفیان اور ابوجہل کے پیچھے لگے
جو عام لسان کے شاعر بالسان نہ تھے اور جنہوں نے اپنی مدت عمر میں ایک شعر بھی کبھی
نہ کہا تھا کیوں مسیلمہ کذاب کی قیادت قبول کرلی جسکے شاعر ہونے کا معتقد کوئی
شخص بھولے سے بھی نہ تھا۔ آج اس سرزمین ہند میں باوجودیکہ میرزا غالب نے کبھی
دعویٰ نہیں کیا تھا کہ اُنکا شعر بےمثال ہے مگر اپنے زعم میں اُنکے رنگ کو نباہنے والے
نقال اسقدر پیدا ہو گئے ہیں کہ ہر تُک بند اور قافیہ پیما اپنے آپ کو غالب کا ہمسر خیال
کرتا ہے، روز بروز ایک دو یا زیادہ غزلیں اُسکے رنگ میں اخبارات کی پیشانیوں کو زینت
دیتی ہیں۔ اور ہر شخص اپنے گمان میں غالب کا جانشین بنا بیٹھا ہے۔ اگر قرآن حکیم نے
تمام عرب کو اُسی طرح کہا تھا، شاعروں کو مقابلے کے لئے بلایا تھا، چست بندشوں
اور محل الفاظ کے استعمال پر تمام جھگڑا اٹھا تو کیا یہ ممکن تھا کہ سارا عرب گنگ ہو جاتا
کسی دشمن کے منہ سے مقابلے کی ایک سورۃ، ایک جملہ، ایک لٹک نہ نکل سکتا۔
عالم تو یہی تھا کہ ایمان لانے سے پیشتر دور دراز سے لوگ جوق در جوق آتے، ہر شخص
حسب مقدور اپنے طبعزاد کلام کا کوئی نمونہ کہے اور مدینے والوں کے سامنے پیش کرتا
تمام سورتیں یا قصیدے روز طلبی کے طور پر رسول خدا کی خدمت میں بھیجے
جاتے۔ پے در پے مناظرے اور مباحثے ہوتے، مسلمان اور کفار ایک میدان میں آکر

۱ آجکل [illegible] ایک [illegible] قرآن کے مقابلے میں لکھی ہیں [illegible] کہیں کہیں ملتی ہیں مگر مسیلمہ [illegible] شاعر مشہور [illegible] قرآن [illegible]

اور بشارتیں ہیں۔ یہ جو قرونِ اولیٰ کے عرب کو فوراً مل گئی تھی اور جو قیامت تک کسی
اور قوم کو قرآن پر عمل کرنیکے ماسوا اتفاقاً مل سکے گی۔ حال کے محاربۂ عظمیٰ میں جرمنی
باوجود اپنی بے مثال جمعیت اور آسمان پاش توپوں کے ایک سال میں تین ہزار شہر اور
قلعے تو کیا تین سو شہر اور قلعے بھی انگریزوں سے نہ چھین سکا، اور اگرچہ اسلاف مسلمین اس
قرآنی ہدایت کو پاکر اپنا فاتحانہ تقدم کئی سو برس تک جاری رکھ سکے اور کسی سے پیچھے
نہ ہوئے مگر قیصر کی مونچھوں پر تاؤ دینے والی فوج چار برس کے اندر اندر دُم دبا کر ایسی
بھاگی کہ آج اسکے قائد اعظم[1] اِدھر کسی اور فعل ہی سے اپنا پیٹ پال رہے ہیں! قرآن
کے علم و عمل کے بے مثال ہونے کی شہادت اس قدر یقینی اور قطعی ہے کہ دنیا ایک لاکھ
یا دس لاکھ برس تک اور قائم رہے اور سو یا دس ہزار جرمنی ایسی قومیں اور تین یا پانچ
تہذیبیں روئے زمین پر پیدا ہو جائیں لیکن قرآن کے سوا کسی اور دستور العمل سے اس
ہدایت کا پیدا ہونا محال ہے۔ اگر فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ سے قرآن کا مقصود بالذات
ادب اور فصاحت میں اپنی برتری جتلانا تھا، اور صدرِ اسلام کے ہمعصر کفارِ عرب
بھی اس تحدی کا یہی مطلب سمجھے تھے تو حیرت ہے کہ قرآن کے بالمقابل اسی انداز
پر اور اسکے رنگ میں دشمنوں نے کیوں ایک لاکھ نقلی قرآن اس گمان پر تیار نہ کر لیے
کہ ان میں سے دس نہیں تو ایک تو ہی مقابلے میں پورے اتر سکیں، کیوں نہ کافر
رسولِ خدا کے برخلاف تلواریں تیز کرنے کی بجائے کسی علقمہ یا زہیر کے پیچھے لگ گئے

---

[1] قیصر ولیم سابق شہنشاہ المانیہ اور اس کا بڑا بیٹا جو شاہی کے بارے میں ولیعہد ہے آجکل اس شغل میں مصروف ہیں۔

قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّیْ مَعَکُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِیْنَ) یہ قرآن کا علم ہی تھا جس کی وجہ سے فَاْتُوْا
بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ کی صلائے عام کے ہوتے ہوئے سب عرب دم بخود رہ گیا، کسی کو
کچھ بات کہنے کی سکت نہ رہی سب گونگے اور بہرے بن گئے عرب اگر اس عہد رسولؐ خدا کی
ہیر پھیر کر کے کتراتے تھے، اگرچہ اس اولوالعزم نبی سے ہم آہنگ ہونے سے جھجکتے
تھے تو اسکی وجہ یہی تھی کہ یہ عالم باعمل شفقت اور محبت کی طرف بلا رہا تھا، سعی و عمل کا وعظ
کرتا تھا، کڑیاں جھیلنے اور خون جگر پلا پلا کر قوم کو غالب کرنے کے درپے تھا، عمل وہ جمود کی
ظلمتوں سے نکال کر علم و عمل روشنیوں میں لا رہا تھا، (کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَیْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ
مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ)، عشرت کی تن آسانی
اور خواب استراحت سے ہٹا کر علم کی ذمہ داریوں اور جانبازیوں کی طرف رخ
پھیر رہا تھا، سرگشتۂ وہم و خیال کو دور کر کے خارستانِ حقیقت اور چمنستان علم کی
طرف دوڑا رہا تھا۔ ایک کاہل رو اور متفرق، ایک آسان پسند اور شاعر قوم کے لیے
اس وجہ کی بنا پر قرآن کے پیغام کا جواب یہ ہنگامہ جو طبعی تھا، وہ اس سے چڑ چڑ
اور کھسیانے ہو ہو جاتے، بہ کوچی بھر بھر کر کوستے، تمسخر اسپر حملے کرتے، اسپر [illegible]
[illegible] بولی اور جملے پھبکتے، اسکی بار بار کا سے کہا ہے (وَاِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ
تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ یَكَادُوْنَ یَسْطُوْنَ بِالَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ عَلَیْهِمْ اٰیٰتِنَا)
دل کو مطمئن کرنے کے لئے کہتے کہ محمد (صلعم) تو (معاذ اللہ) ایک مجنون رہ ہے، پاگل ہے،
اسکا دل ہلکا ہیں، یہ سب باتیں حقیقت کے سرتاج، [illegible] اور سراپا کی [illegible]

شاعروں کے بیسیوں اکھاڑے بنائے، کچھ اُدھر سے کہا جاتا کچھ اِدھر سے، حتی آئی
کوئی مصنف یا ثالث نہیں لیے جاتے کہ کونسا کلام بہتر ہے، کونسا فصیح تر ہے، بڑے بڑے
اُدباء اور فصحاء کا ہجوم عنبر ہر وقت دار الندوہ میں جمع رہتا۔ تاریخ بتاتی ہے تو خدا کے
اختیار میں تھی مگر کافر اپنے دل کی بھڑاس تو نکال لیتے! غالب کے مشہور سہرے کے
ایک اوبالی مصرعے (ع دیکھیں اس سہرے سے کہہ دے کوئی بڑھ کر سہرا) نے تو ایک تا
شدہ ورق کو چند لمحوں کے اندر اندر اس بات پر آمادہ کر دیا کہ ایک برجستہ اور بھی اُس کے
سہرا مقابلے میں لکھا جائے، نہیں بلکہ اُس وقت سے آج تک ہزارہا شعرا نے سہرے اسی
رنگ و ردیف میں اُستاد غالب کی تقلید میں لکھ ڈالے ہیں، لیکن قرآن کی فصاحت کے
بالمقابل کسی معاصر شاعر، کسی ہمعصر مسلمان یا منافق عرب نے ایک حرف تک نہیں لکھا۔
صدرِ اسلام میں کسی کو اس کا ادبی مقابلہ کرنے کا گمان تک نہیں ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ
قرآن شعر نہیں تھا، نہ شعر ہونے کا انکو دعویٰ تھا، بلکہ منکرین عرب کو درپردہ اس
امر کا پورا احساس تھا کہ محمد (صلعم) فصاحت میں مقابلہ کرنے کے لئے نہیں ملتا، اگرچہ وہ آپ
ہی کو چڑانے اور تنگ کرنے کے لئے کہا کرتے تھے کہ وہ "شاعر ہے" (العیاذ باللہ)
پاگل ہے، اس نے چند پاگلوں کو اپنے گرد اپنے رو رسیاں سے جمع کر لیا ہے، اسکی
خبر شدہ مدت تک جیا ہوا ہے حتیٰ کہ بیہودہ ہے اور ہم تو اُس وقت کے منتظر
ہیں کہ اس کا تمام پاک ہو، اسکے سب تنکے چھانٹے تتر بتر ہو جائیں" (فَذَكِّرْ فَمَا
أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ ۔ أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ)

کہتے، اساطیر کہنے سے مراد یہی تھی کہ ہم اس تکلیف دہ شے کی باتوں میں آنے والے
ہرگز نہیں ہیں۔ بہرحال ایک شاعر یا فصیح گو شخص سے اس قطع کی مخالفت ہو رہی
کی ہو نہیں سکتی تھی۔ اسکے خلاف تو یہی ہو سکتا تھا کہ قصب سے اور وہ اپنی کلام سنا
سنا کر اسکی شاعری کو مات کر دیا جائے۔ نہ یہ کہ تیغ تفنگ سے اس کا مقابلہ کیا جائے
ایسے شخص کے پیرو یا مداح ہی شعر پسند، شعر گو یا کم از کم لفظی واہ واہ کرنے والے
اصحاب ہی ہو سکتے تھے، مگر صحابہ کرام کی بالعموم اور حضرت عمرؓ اور ابو بکرؓ کی بالخصوص
شعر سے بیزاری پر تاریخ شاہد ہے۔ وہ سب کے سب باعلم اور باعمل شخص تھے، انہوں
اور پیروں کا عمل کیا کرتے تھے، تدبیر اور سیاست میں بڑے ماہر، قانون خدا کے
بڑے علامے، بڑے سپہ سالار، بڑے مجاہد اور بڑے حاکم تھے۔ پہاڑوں کے
علم اور عزم کے آگے انہی کی طرح ہو جاتے تھے، بڑے بحران کی سخت نقد معرکے سا
جنگ باجھک سلام کرتے تھے دنیا کے بڑے سے بڑے حصے پر انہوں نے اپنی دھاک
اس رعب و وقار، اس نظم و نسق، اس ہمت اور حسن تدبیر سے حکومت کی کہ سطح زمین کو
ان کا مثل پیدا کرنے کے لیے بھی کئی آج صدیاں چاہئیں۔ شاعر یا شعر پسند شخص
اس خاص اور اس باقت کا آدمی نہیں ہوتا۔ وہ بیچارہ اپنے گھر کو بھی اچھی طرح حکومت
نہیں کر سکتا۔ احساس کی شدت، طبیعت میں سستی، آرام پسندی، کاہلی، سست عزم
اکثر ہوا کرتا ہے، اس سے تدبیر کی حکومت کیونکر ہو، وہاں کا سپہ سالاری کیسے
نبھے۔ یہاں تک یہ ایک نہایت صحیح خبر واقع ہے کہ رسول اللہ صلعم کے عہد میں اشعر

چنانچہ حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں حضرت خالد ولیدؓ کی معزولی کا موجب یہ ہوا کہ انہوں نے ایک شاعر کو ہزار روپیہ انعام کے طور پر دے دیا تھا۔

و اتخذناہ فی الارض کے دل خوش کن سامان ، یہ سونے کے کنگن اور لباس حریر
سے کہ ... اسے پریشان حالات ہیں ، یہ نئی باتیں ہیں ، (بل قالوا اضغاث احلام
بل افتراہ بل ھو شاعر) ، اسی ... کی سند میں ... تنگ کر ... اور
... جاتا ہے ، اور دل کو ... ہے ، ... حقیقت ، بعض ...
آرام میں ... ڈالنا کسی ... کا کام نہیں ، ... حال ... میں ...
... بات نہیں (ام یقولون بہ جنۃ بل جاءھم بالحق واکثرھم للحق
کارھون) ... حق بات سے ... لگتی ہیں ... کر
... احکام الٰہی کی اہمیت کو تسلیم کر لیتے اور ان پر
عمل کرنے کی بجائے ... پیش ... اعتقاد ... ہیں ، اگر ہم چاہیں
تو ہم بھی ایسی ہی ... باتیں بنا لیں ، یہ تو وہی ڈھکوسلے ہیں جو پرانے
لوگ ... آئے ہیں (واذا تتلیٰ علیھم آیاتنا قالوا قد سمعنا لو نشاء
لقلنا مثل ھذا ان ھذا الا اساطیر الاولین) ، اساطیر الاولین سے قرآن کو
تشبیہ دینا ... اس امر کی ... دلیل ہے کہ مثل ھذا کے الفاظ سے اہل عرب
قرآن کا شعر و سخن میں ... پیدا کرنا مراد نہ لیتے تھے ، بلکہ ... کہا کرتے تھے کہ یہ احکام
جن پر عمل کرنے کے لئے ... جاتا ہے کوئی نئی بات نہیں یہ تو وہی ڈھکوسلے ہیں
جو ... سے لوگ کہتے چلے آئے ہیں ... التفات کرنا ہم لوگوں کا ...
... اساطیر الاولین

تَتَّبِعُهُمُ الْقُرآن" کہنے آیا، نہیں بلکہ ایک شاعر اور اجل زدہ قوم کو عالِم اور عامل بنانے آیا! جہانگیر اور جہانباں کرنے آیا! خدا کی بنائی ہوئی زمین کو باحد لوگوں کی تحویل میں پھر دینے آیا! جب تک قوم اُس قانون پر عامل رہی، اسکو الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ سمجھ کر اپنے تن بدن کو ڈھالنے میں ڈالتی رہی، تب تک "اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ" کا عہد الٰہی پورا ہوتا رہا۔ تب تک قرآن بھی صحیح معنوں میں علم رہا۔ لوگ اُسکی ہر آیت کو سچے دل سے سمجھ و سکتے رہے، اُس قانون کو پا کر حیرت زدہ رہے، اُس سے مستفید اور بہرہ یاب ہوتے رہے، ایک عالم کو حیران کرتے رہے، خدا جوش رہا، اُمّت نہال رہی، سر بفلک عمارتیں، سر سبز باغات، دولت، اتحاد، تکبیر کے نعرے، پاکیزگیٔ علم، حکم، نبوۃ، سب کچھ اس خیر الامم کے حصّے میں رہا۔ جب واقعۃً "اس لوگ اس پیغام الٰہی کے حامل بن گئے، جب رہنماؤں کی نیتیں بگڑ گئیں، چپقلش اور جھگڑوں میں حُسن آ گیا، طولِ امد سے دل سخت ہو گئے*، نکرے رسولؐ کا پڑھایا ہوا سبق بھول گئے، خدا سے تجاہل کیا، علم نہ رہا، ذہنوں میں ویرانیاں اور دلوں میں ضلالتیں بھر گئیں، جب حکمِ خدا سے گریز کر کے آرام وہ نظر آیا، نہیں جب خدا کے خدا ہونے پر یقین نہ رہا اور دلوں کے اندر اولاد اور مال کے بُت، زر اور زمین کے بُت، پیر و کبیر کے بُت، اولیا و ابرار کے بُت، باجوں اور سکالوں کے بُت، گھوڑوں اور طویلوں کے بُت، غیر قوم کے حکّام کے بُت، خوف و یاس کے بُت، حالات

* قرآن میں ہے "وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ"

مقتدر شاعر حلقۂ اسلام میں داخل ہو بیسے الگ تھلگ رہے۔ اُس وقت ٹھیک طور پر یاد نہیں مگر معلقات کے کم از کم ایک شاعر (زہیر ابن ابی سلمیٰ) نے عہد رسالت پایا تھا اور وہ آخر دم تک مسلمان نہ ہوا۔ قصیدہ بردہ کا بڈھا مصنف عین اُس وقت ایا ہدیہ مدح لے کر آیا جب دین اسلام غالب ہو چکا تھا اور شاعری کی موت سامنے نظر آرہی تھی شعر فہمی کا شائبہ (بلکہ بعض اوقات شعر گوئی کا سلیقہ) ہر جلیل القدر شخص میں کچھ کچھ ضرور ہوتا ہے، سرورِ عالم قصیدہ سے کو سُن کر مسکراوئے اور شاعر فتقہ کو اسلام کی طرف جذب کرنیکے لئے اپنی چادر انعام میں دے دی۔ صدر اسلام میں سے دیگر اگر کوئی شاعر مسلمان ہو کر چمکا تو وہ حسانؓ بن ثابت تھا۔ مگر اُن کا شعر زمانہ جاہلیت کے شعر سے بدرجہا کم پائے کا ہے۔ عہد رسالت میں اُن کا کام اکثر یہی رہا کہ دشمن کے رسول خدا کے برخلاف طعون کا بطور خود جواب دیا کریں۔ مگر آستانہ نبوت سے اُنکو اس امر کی کوئی تحریض نہ ہوتی تھی تاہم اسلام کی عملی خدمت اور ترقی میں اُن کا وہ حصہ ہرگز نہ تھا جو اور صحابہ کرام کو ودیعت ہوا تھا، بلکہ واقعہ افک کی تشہیر میں اُنکے شرمناک حصے نے تاریخی نقاد کی نظروں میں اُنکے حضرتؓ پر ایمان و یقین کی قدر و منزلت بہت کچھ کم کر دی ہے۔

الغرض قرآن آیا، اپنے ساتھ علم و نبوت لایا، 'لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ' کا ابدی میثاق لایا، 'لَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا' کی بشارت لایا، 'لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ' کا پیغام لایا، 'الهدیٰ' اور 'دین الحق' لایا، شعر کی بے قدری کرنے آیا، شاعروں کی

کارفرمائیوں سے ہٹاکر شعر و فصاحت کی طرف پھر متوجہ کرنا "سرود مستاں یاد دہانیدن" کے مترادف تھا، اس آرام دہ بدعت کو شوق سے جذب کرنے لگے، عجم نے جو عرب کے بالمقابل پہلے سے گنگ تھے ان کی دیکھا دیکھی پرزور تائید کی، عوام نے اس راحت افزا تخیل کو مرحبا کہا، پھر کیا تھا لوگوں کی نگاہیں پرتلوں میں حمائل کی ہوئی تلواروں سے ہٹ کر کلام الٰہی کی فصاحت کے نشتروں پر جم گئیں، صفحۂ قرطاس میدان جنگ بن گیا، قرآن کا مطالعہ رسم و تبرک کے طور پر ہوتا گیا، لوگ اسکو پڑھ پڑھ کر بالائے طاق رکھتے اور خدا کو بالائے طاق رکھنے میں ذرہ بھر بھی نہ شرماتے، اُدھر عمامہ پوش علماء نے فصاحت اور بلاغت کے فنون کو وضع کیا، صرف و نحو کے اصول ایجاد کیے، جاہلی شعراء کے کلام سے استناد کرکے قرآن کے مطالب کی تعیین اپنے زعم میں کی، قرآن کو ادبیات کی سند قرار دے کر صرف و نحو کے قواعد مرتب کیے، پھر کلام الٰہی کا مطالعہ صرف و نحو، اعراب و تعلیل، عروض بلاغت، صنائع بدائع کا مطالعہ بن گیا، شعرائے جاہلیت کے سب دواوین تبرکاً نوک زبان ہو گئے، رد و قدح میں مناظرے، بات بات پر شعر، رنگ رنگ میں اختلاف، سطر سطر پر کج بحثیاں امت کا شعار بن گیا، لوگ کمال کو درپردہ انہی بحثوں کو حاصل قرآن سمجھتے اور عمل سے پہلے علم حاصل کرنے کے بہانے سے نفس مطالب کی طرف رجوع نہ کرتے۔ پھر کیا تھا ایک علم کو بیہودگی ہوئی، کام چور اور بدنیت قوم کو شاعری کی سند خدا کے ہاں سے مل گئی، قرآن کا کنفر ماخذ اکر کے ٹوٹا لوگ اس سحر کی قرنوں کے اندر ماں جائے بھائیوں کی طرح ہم آغوش ہوئے، پھر وہی

جمود کے بُت، تن آسانی اور آرام کے بُت، فرقہ بندی اور مستقات کے بُت، نفس
پسندی اور اُمت کُشی کے بُت، شیطان اور طاغوت کے بُت گھڑ گئے، ہاں جب
توحید توحید نہ رہی اور شرک دلوں کی تہ پر جم گیا تو لوگ اس قرآنِ عظیم کو، اس
مالکِ زمین و آسمان کے آخری پیغام کو، اس حجۃ اللہ البالغہ اور محکم فیصلہ قادر کے
مختتم فیصلے کو شعر سمجھنے لگے، اُسکے احکام کو ٹالنے کے بہانے سے الفاظ کو
سراہنا شروع کیا، نفس پیغام سے مکر کرنے کے لئے اسکی بندشوں کی طرف راجع ہو گئے
تعظیم کے بہانے چوم چاٹ کر جزدانوں اور ریشمی غلافوں میں بند کر دیا، خدا کو دھوکا دیا،
نفس سے مکر کیا، پرلے درجے کی فریب کاری افترا اور بدبختی سے اعلان کر دیا کہ قرآن
کی سب سے بڑی فضیلت اسکی فصاحت ہی ہے یہی اسکا زندہ معجزہ ہے، اسکی ایک
سورۃ، ایک آیت، ایک جملے، ایک حرف کی فصاحت کی برابری جنوں کی ہواؤں میں
بسی ہوئی مخلوق اور انسانوں کی رہیں باش آبادی ہرگز نہیں کر سکتی! اسی فصاحت
پر تمام عرب سرنگوں ہو گیا تھا، عمرؓ نے سپر ڈال دی تھی، قیصر و کسریٰ کے تاج
ڈگمگا گئے تھے، پہاڑوں کی چوٹیاں ہل گئی تھیں، اسی معجزے کو دیکھ کر عمرو بن العاصؓ
سیوستان کی طرف دوڑا آیا اور طارقؒ نے اندلس پر قبضہ کیا۔ لیکن اس پاک اُمت
کی آنکھیں اندھی ہو گئیں، نتیجہ قُلُوبٌ لَّا یَفْقَهُونَ بِهَا وَآذَانٌ لَّا یَسْمَعُونَ بِهَا کا سماں
سب طرف بندھ گیا، کروڑ ہا مسلمانوں میں سے ایک آواز، ایک صدائے احتجاج
آج تک اس بارِ تحمل کے خلاف بلند نہ ہوئی۔ عرب میں کو علم و عمل کی ناخوش آئند

لوگوں نے دین کو سرتا پا قول بنا لیا۔ کلمۂ شہادت قولی، رسولؐ پر ایمان قولی، حیات پر
یقین قولی، قرآن کو ماننا قولی، ایمان کا مطلب قولی، پیغمبروں کو تسلیم کرنا قولی۔ الغرض
کوئی شے عملی اور یقینی نہ رہی۔ دلوں کے اندر اگرچہ ہزار در ہزار بتوں کے ڈیرے جمائے تھے
مگر توحید وہی مُرسے خدا کو ایک کہنا رہ گیا۔ جہاں احکام صریح تھے وہاں تاویل
نے ایسے جال بچھا دیئے۔ صدہا صورتیں خدا کی آیات سے گریز کرنے کی نکالی گئیں۔
جہاد، ہجرت، اطاعت اولی الامر، وحدت اُمت، انفاق مال، مکارم اخلاق وغیرہ
وغیرہ وہ سب احکام جو دین اسلام کی روح رواں حقیقت میں تھے اور جن کے باعث
اسلام غالب رہا وقتی اور مقامی احکام تصور کیے گئے ان کو رفتہ رفتہ منسوخ سمجھ کر
مسلمانوں نے صرف حوالوں اور ڈھکوسلوں، آیتوں، خاکوں اور داڑھیوں کو پکڑ لیا، انسان
اور غیر اہم باتوں کو اسقدر اہمیت دی، ان کی فضیلت کو اسقدر بڑھ چڑھ کر دکھایا کہ
مذہب ایک مضحکہ انگیز شے بن گیا۔ مشکل اور اہم باتوں پر اسقدر پردے ڈال دیئے کہ انکا
کوئی نگہبان ہی نہ رہا۔ آج دین اسلام کی سب قولی اور اعتقادی صورتیں، اس کی
حمد اور دلیل کا اکثر حصہ وہ ہیں، اسکی امت کا انتشار و انحطاط، انکی دردانگیز
آہیں اور کراہیں، اسکے نظاہر و گداز نوحے اور مرثیے اسی تقولون ما لا تفعلون کے
گناہ کبیرہ کا نتیجہ ہیں!

حقیقت یہ ہے کہ قرن اول میں توحید دین اسلام کی جان تھی۔ یہی آخر الزمان
اس عظیم الشان حقیقت اور دنیا میں خوش اسلوبی سے سمجھ کے اس وحدت

العتابی ، عبدالحمید بن یحییٰ ، ابن المقفع اور آسان شاعروں کا استاد منتخب ہوا
کسی نے روایت کی کہ ... آیات من القرآن ... ان من البیان لسحرا ، اڑادیا کسی نے
سادگی اسلوب کو ... پیش کر دی دنیا میں شاعر خطیبوں اور تحریروں میں شعر
و انشا سحر کی ہیں شعر حتی کہ ... سالاروں کی طرف خطوط لکھنے میں بھی
سجع اور قافیہ کا التزام کیا گیا۔ ماہی کاتبوں کے انتخاب میں شعر فہم اور مسجع عبارت کا
لکھنا خاص قابلیت تصور کی گئی۔ مگر جریر، فرزدق، اخطل ، نابغہ، صریع الغوانی
ابو نواس، عمرو، زہیر وغیرہ جیسوں سے جہاں شاعر حشرات الارض کی طرح پیدا ہو گئے
حریری اور بدیع الزمان وغیرہ نے نثر کو شاعری کا لباس پہنایا، ایک ایک لفظ اور جملے کو
صنائع اور بدائع کی آہنی زنجیروں میں اس طرح جکڑا کہ مطالب کی روح ودھا نکل گئی
... زبان قواعد اور ... کا مجموعہ بن گیا ایک سیدھی سادی زبان کی حیثیت اکثر
وقت ... پر اس ... تکلف اور ... رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک پہنچی کہ عرب کے لیے بھی علمی
تخیل کو بیان کرنا مدتوں تک محال ہو گیا۔ تخیل بے حد محدود، قوت بیان کمزور، علمی لغت
علمی اور ... سے پار گئی۔ بالخصوص جو کسی زمانے میں عرب کی زبان کا خاص الخاص
امتیازی نشان تھا ایک ادنی سطح پر اتر گئی آٹھ صدیوں کی مدت میں ستر قوم کی رگ
رگ میں اس طرح جاری و ساری ہو گیا کہ متنبی نے سحر فصاحت کی بنا پر نبوت کا دعوی کیا
اور معتقد پیدا کیے۔ مگر ... اس تمام کے باوجود ... جمود میں دین اسلام سراپا
مسخ ہو گیا ... ایک مقصد اور بلند علمی مرتبے سے گر کر اعتقاد اور قول کی ادنی سطح پر آ گئی

